NHS



# کیا آپ کو کھانے کی مانع حمل دوا کی اگلی ترسیل درکار ہے؟

آپ اب ہمارے چند مقامی فارماسسٹس سے براہ راست رازداری کے ساتھ اپنی اگلی ترسیل حاصل کرنے کا انتظام کر سکتی ہیں۔

**مزید معلومات**
www.england.nhs.uk/pharmacycontraception/
پر حاصل کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔

## ہمیں بتائیں کہ آپ کا اس سروس کے بارے میں کیا خیال ہے یہ ایک پائلٹ سروس ہے۔

ہم امید کرتے ہیں آپ کے مانع حمل گولی استعمال کرنے کے عمل کا نظم کرنے میں یہ آپ کے لیے آسانی پیدا کرے گی۔ بجائے اس کے آپ کسی GP اپائنٹمنٹ کا انتظار کریں، آپ اپنی قریبی فارمیسی پر کسی بھی ایسے وقت جا سکتی ہیں، جو آپ کے لیے مناسب ہو، اور ویسا ہی ماہرانہ مشورہ حاصل کر سکتی ہیں۔

ہم چاہیں گے کہ اس سروس کے استعمال سے متعلق آپ کا تجربہ سنیں۔ آپ ہمیں بتا سکتی ہیں کہ کیا چیز کارآمد تھی، اور آپ کے خیال میں ہم کس چیز کو مزید بہتر بنا سکتے تھے۔ آپ کا فیڈ بیک ہمیں یہ فیصلہ کرنے میں بھی مدد دے گا کہ آیا یہ سروس مزید وسیع پیمانے پر دستیاب ہونی چاہیئے یا نہیں۔

فارماسسٹ آپ سے پوچھے گا کہ آیا آپ متن کے ذریعے ایک چھوٹا سا سروے مکمل کرنا چاہتی ہیں۔ آپ حصہ لیتی ہیں یا نہیں یہ اختیار آپ کا ہے، اور آپ کے جوابات فارماسسٹ کے ساتھ شیئر نہیں کیے جائیں گے۔

آپ ہمیں **england.pharmacyintegration@nhs.net** پر ای میل بھیج کر بھی فیڈ بیک دے سکتی ہیں۔



**اگر آپ پہلے سے ہی کھانے کی مانع حمل دوا استعمال کرتی ہیں، تو اب آپ بعض مقامی فارمیسیز سے اپنی اگلی ترسیل حاصل کر سکتی ہیں۔**

اپنے GP کے ساتھ یا کسی کلینک میں اپائنٹمنٹ بُک کروانے کی نسبت یہ عمل آپ کے لیے زیادہ سہل ہو سکتا ہے۔ آپ اپنے لیے کسی بھی موزوں وقت کا انتخاب کر سکتی ہیں، اور یہ سروس مفت اور رازدارانہ ہے۔

آپ کا فارماسسٹ آپ کو مانع حمل دوا کے نظم کے بارے میں آپ کے GP کی طرح ہی ماہرانہ مشورہ دے سکتا/سکتی ہے۔ آپ بالمشافہ طور پر ان سے ایک ذاتی مشاورتی کمرے میں بات کر سکتی ہیں۔

## کون اس سروس کو استعمال کرنے کا اہل ہے، اور میں کس فارمیسی پر جا سکتی ہوں؟

آپ اس سروس کو اس صورت میں استعمال کر سکتی ہیں اگر:

- آپ پہلے سے کوئی ایسی کھانے کی مانع حمل دوا لے رہی ہیں جس کا آپ کو نسخہ لکھا گیا ہے
- آپ کو اپنی اگلی مانع حمل دوا کی ترسیل درکار ہو
- آپ اس پائلٹ منصوبے میں حصہ لینے پر بخوشی راضی ہیں۔

آپ کو اپنے GP یا جنسی صحت کے کلینک کی جانب سے ریفر کیا جا سکتا ہے یا آپ خود جا کر فارمیسی ٹیم سے سروس کے حوالے سے بات کر سکتی ہیں۔ بعض فارمیسیز آپ سے اپائنٹمنٹ بُک کروانے کا تقاضہ کریں گی، لیکن دوسری پر با آسانی جا سکتی ہیں۔ آپ کو کوئی درخواست کا فارم پُر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ مشورہ لینے کا وقت، اور مشورے اور اپنی دوا کی اگلی ترسیل حاصل کرنے کے لیے انتظار کرنے کے درمیانی وقت کا دارومدار، آپ کی انفرادی ضروریات پر ہو گا۔ فارماسسٹ ہمیشہ آپ کو مشورہ و معاونت دے سکے گا/گی۔

یہ معلوم کرنے کے لیے کہ کون سی مقامی فارماسیز مذکورہ سروس پیش کر رہی ہیں، اور اس کے علاوہ مزید معلومات کے لیے، ہمارا درج ذیل صفحہ ملاحظہ کریں:
**www.england.nhs.uk/pharmacycontraception/.**

## مشاورت میں کیا کیا شامل ہو گا؟

ایک تربیت یافتہ فارماسسٹ آپ کے ساتھ مشاورت کا اہتمام کرے گا/گی۔ وہ آپ سے اسی طرح کے سوالات پوچھیں گے جو کہ آپ کا GP پوچھے گا۔ ممکن ہے کہ وہ کچھ جائزے بھی عمل میں لائے – جیسے کہ آپ کے بلڈ پریشر، وزن کا معائنہ کرنا، اور آپ کی میڈیکل ہسٹری کے بارے میں سوالات کرنا۔

فارماسسٹ آپ کے کسی بھی خدشات کے بارے میں تبادلہ خیال کرے گا/گی۔ مثلاً اگر آپ کو اپنے مانع حمل ادویات سے کوئی مضر اثرات ظاہر ہوتے ہوں تو آپ انہیں بتا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ اگر کوئی بھی مضر اثرات دیکھنے میں آتے ہیں، تو فارماسسٹ ان کا نظم کرنے کے طریقوں کی نشاندہی کرنے میں مدد دینے کے قابل ہو گا/گی اور، ضرورت کے تحت، مزید معاونت کے لیے آپ کو آپ کے GP یا جنسی صحت کے کلینک کی جانب ریفر کرے گا/گی۔

## کیا صحت سے متعلق کسی بھی خدشات سے میرے GP کو آگاہ کیا جائے گا؟

اگر آپ کا فارماسسٹ صحت سے متعلق کسی بھی مسائل کی نشاندہی کرتا/کرتی ہے، جیسے کہ بلڈ پریشر کا زیادہ ہونا، تو وہ آپ کو یہ معلومات اپنے GP کے ساتھ شیئر کرنے کا کہیں گے۔ مشاورت رازدارانہ ہو تی ہے، لہٰذا فارماسسٹ آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے GP سے بات نہیں کرے گا/گی۔

**کیا میں اس قابل ہوں گی کہ کسی دوسرے مانع حمل طریقے کا آغاز کر سکوں یا موجودہ طریقے کو تبدیل کر سکوں؟**

پائلٹ کے اس مرحلے پر، فارماسسٹ آپ کو کسی دوسرے مانع حمل طریقے کی ہدایت جاری کرنے کے قابل نہیں ہو گا/گی – اس کے لیے آپ کو اپنے GP یا جنسی صحت کے کلینک جانا پڑے گا۔

